07 جنوری 2020ء

بینک زرمبادلہ کے کیسز اسٹیٹ بینک کے آن لائن پورٹل کے ذریعے برقی طور پر جمع کراسکیں گے

زرمبادلہ کے آپریشنز سے منسلک بینک دولت پاکستان کے دو شعبوں، شعبہ مبادلہ پالیسی (EPD) اور شعبہ زرمبادلہ آپریشنز (FEOD)، نے حال ہی میں زرمبادلہ کے آپریشنز اور 'ایس بی پی آن لائن پورٹل کے موضوع پر تفصیلی پریزنٹیشنز کا انعقاد کیا ہے۔ رواں ماہ باضابطہ طور پر متعارف کرانے کے بعد بینک زرمبادلہ سے متعلق کیسوں کو اسٹیٹ بینک کے پاس برقی طور پر جمع کراسکیں گے۔

پریزینٹیشن کے دوران اسٹیک ہولڈرز کے لیے آن لائن پورٹل کے استعمال سے متعلق ایک عمومی جائزہ پیش کیا گیا۔ کلائنٹس کو اسٹیٹ بینک کے پاس جمع کرائے جانے والے کیسوں کے اسٹیٹس سے آگاہ کرنے کے لیے سسٹم سے نکلی ہوئی منفرد کیس نمبر پر مشتمل ایک ای میل، اس ای میل ایڈریس پر بھیجی جائے گی جو بینکوں نے کیس جمع کراتے وقت فراہم کی تھی۔ مزید برآں، ہر کیس کو تفویض کردہ منفرد نمبر کے ذریعے اپ ڈیٹ پوزیشن کی معلومات اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ سے بھی حاصل کی جا سکتی ہیں۔

ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (بی ایس سی) کے مینیجنگ ڈائریکٹر جناب اشرف خان نے اپنے خیر مقدمی خطاب کے دوران ملک کی معاشی بحالی اور مستقبل میں ترقی کے حوالے سے کاروباری شعبے کے کلیدی کردار اور اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کاروباری امور کو ڈیجیٹل بنانے اور بغیر کاغذ دفتری ماحول کی سمت پیش رفت کے لیے اسٹیٹ بینک کے اہم اقدامات پر بھی روشنی ڈالی، جن سے ملک کے کاروباری اداروں کو فائدہ پہنچے گا۔ شعبہ مبادلہ پالیسی (EPD) کے ڈائریکٹر نے شرکا کو ملک میں کاروباری احساسات کے فروغ کی خاطر اسٹیٹ بینک کے حالیہ پالیسی اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے واضح کرتے ہوئے کہا کہ حالیہ اقدامات سابقہ پابندیوں میں نرمی کے ساتھ ساتھ کاروبار میں آسانی اور سہولت پیدا کرنے کے لیے معاشی صورتِ حال کی بہتری کے تناظر میں اسٹیٹ بینک کی کوششوں کا تسلسل ہیں۔

یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ کاروباری برادری کو زرمبادلہ کی سرگرمیوں اور ڈجیٹلائزیشن اور کاروبار میں آسانی سے متعلق اسٹیٹ بینک میں ہونے والی کلیدی پیش رفتوں سے آگاہ کرنے کے لیے بینک دولت پاکستان نے لاہور، فیصل آباد، گوجرانوالہ اور سیالکوٹ میں آگاہی سیشنز کا انعقاد کیا۔ ان سیشنز میں مختلف چیمبرز اور ایسوسی ایشنز بشمول پاکستان بزنس کونسل، اوورسیز چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور متعلقہ شہروں کے مقامی ایوان ہائے صنعت و تجارت کی جانب سے نامزد کردہ مختلف کمپنیوں کے 150 سے زائد افسران نے شرکت کی۔

پریزنٹیشن کے بعد سوال و جواب کے انٹرایکٹو سیشنز ہوئے۔ شرکا نے زرِمبادلہ امور، بشمول شرحِ مبادلہ کے استحکام، تجارت پر مبنی منی لانڈرنگ (TBML) پر اسٹیٹ بینک کے رہنما خطوط، اور برآمد کنندگان کے لیے حکومت کی زراعانت یافتہ اسکیموں کے مختلف پہلوؤں سے متعلق سوالات اٹھائے اور اسٹیٹ بینک انتظامیہ کی جانب سے ان کا جواب دیا گیا۔ سیشن کے اختتام پر ایس بی پی بی ایس سی کے مینیجنگ ڈائریکٹر نے مربوط اور خصوصی تجاویز دینے پر شریک افراد کا شکریہ ادا کیا جن سے اسٹیٹ بینک کے' آن لائن پورٹل' کو مزید بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔

اس سے پہلے کراچی میں بھی ایک آگاہی سیشن منعقد کیا گیا تھا۔ مزید برآں، آئندہ ہفتوں کے دوران دیگر شہروں میں بھی ایسے ہی سیشنز منعقد کرنے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔

****